## فرانس کے قونصل جنرل Pierre Seillan کا خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی امدادی کیمپ کا دورہ

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

کراچی میں متعین فرانس کے قونصل جنرل Pierre Seillan نے بدھ کے روز متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر کا دورہ کیا اور وہاں سوات، دیر، بونیر اور شانگلہ کے متاثرین کی مدد و امداد کیلئے جاری امدادی کاموں کا جائزہ لیا۔اس سے قبل معزز مہمان نائب ناظمہ کراچی محترمہ نسرین جلیل کے ہمراہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر پہنچے تو ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وصوبائی وزیر اور فاؤنڈیشن کے مینجنگ ٹرسٹی شعیب بخاری، رابطہ کمیٹی کے اراکین کنور خالد یونس، وسیم آفتاب، سیف یار خان اور دیگر نے ان کا پرتپاک استقبال کیا اور مرکزی امدادی کے مختلف شعبوں کا دورہ کرایا۔معزز مہمان نے انتہائی دلچسپی کے ساتھ مرکزی امدادی کیمپ کے مختلف شعبہ جات دیکھے اور وہاں ہونے والی امدادی سرگرمیوں سے انتہائی متاثر نظر آئے۔ بعدازاں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت ہونے والی ان امدادی سرگرمیوں سے میں بہت متاثر ہوا ہوں، فاؤنڈیشن ایسے مصیبت زدہ لوگوں کی امداد اور بحالی کیلئے کام کررہی جنوں نے نہ صرف اپنا علاقہ بلکہ گھر بار تک چھوڑ دیا اور نقل مکانی پر مجبور ہوئے، ایسے لوگوں کیلئے ہمیں مشترکہ اور انفرادی کوششیں جاری رکھنی چاہئے۔

## دنیائے کھیل سے تعلق رکھنے والے پاکستانی کھلاڑیوں کا خدمت خلق فاؤنڈیشن کا دورہ

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

دنیائے کھیل سے تعلق رکھنے والے پاکستان کے عظیم کھلاڑیوں نے بدھ کے روز متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر کا دورہ کیا اور وہاں سوات، دیر، بونیر اور شانگلہ کے متاثرین کی امداد کیلئے جاری امدادی کاموں کا جائزہ لیا۔ پاکستان قومی کرکٹ ٹیم سابق کپتان راشد لطیف، ٹیسٹ کرکٹرز سکندر بخت، فیصل اقبال، شعیب محمد، ہاکی کے اولمپئن اصلاح الدین، حنیف خان، افتخار سید اور کھلاڑی حسیم خان، ٹیبل ٹینس کے قومی چمپئن عارف ناخدا اور عارف خان جب حق پرست صوبائی وزیر کھیل ڈاکٹر محمد علی شاہ کے ہمراہ مرکزی امدادی کیمپ پہنچے تو ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سید شعیب احمد بخاری، وسیم آفتاب، شاکر علی، سیف یار خان، سلیم تاجک، کنور خالد یونس و دیگر نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ بعدازاں پاکستان کے ان عظیم کھلاڑیوں نے مرکزی امدادی کیمپ کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کیا اور وہاں ہونے والے امدادی کاموں کا جائزہ لینے کے علاوہ خود بھی کچھ دیر کیلئے امدادی کاموں میں حصہ لیا۔ بعدازاں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے اولمپئن اصلاح الدین نے کہا ہے کہ ہم سب کھلاڑی الطاف حسین کی اپیل پر یہاں جاری امدادی کاموں سے بے حد متاثر ہوئے ہیں یہ خدمت کا ایک عظیم کام ہے ایم کیو ایم کے تمام کارکنان کی لگن اور ان کا جو جذبہ ہم نے یہاں دیکھا ہے وہ ناقابل فراموش ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب بھی الطاف حسین نے ایسی کوئی اپیل کی تو پوری قوم ان کے ساتھ اٹھ کھڑی ہوئی ہے۔ الطاف حسین متاثرین کے درد کو محسوس کرتے ہیں ہم بھی متاثرین کو باور کرانا چاہتے ہیں کہ وہ اپنے آپ کو تنہا محسوس نہ کریں ہم تمام کھلاڑی ان کے ساتھ ہیں۔ انہوں نے اس موقع پر دس ہزار روپے کے نقد عطیہ کا بھی اعلان کیا۔ اولمپئن افتخار سید نے کہا کہ میں پہلی مرتبہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر آیا ہوں یہاں سچائی کے ساتھ امدادی کام ہو رہا ہے میرے پاس الفاظ نہیں کہ میں بیان کرسکوں اس کی کوئی مثال نہیں ملتی۔ ٹیسٹ کرکٹر سکندر بخت نے کہا کہ کے کے ایف ایک طویل عرصہ سے عوامی خدمت اور بھلائی کا کام کررہی ہے، الطاف حسین کی اپیل پر ہم سب یہاں حاضر ہیں پاکستان کرکٹ کے سابق کپتان راشد لطیف نے کہا کہ سوات میں ہونے والی نقل مکانی افسوسناک ہے لیکن کراچی کے عوام اور کے کے ایف جس طرح متاثرین کی مدد کررہی ہے وہ قابل تعریف ہے اس کا سارا کریڈٹ الطاف حسین کو ہی جاتا ہے، کرکٹر شعیب محمد نے کہا کہ قومی اتحاد کا جو موقع ہے وہ آج کے کے ایف میں دیکھا جاسکتا ہے، ہم الطاف حسین کا ہاتھ بٹانے کو تیار ہیں جب بھی زلزلہ وغیرہ آیا تو الطاف حسین نے ہی آگے بڑھ کر خدمات انجام دی۔ انہوں نے کہا کہ میں خود بھی اس جاری امدادی مہم میں حصہ لوں گا اور پی سی بی اس سلسلے میں مالی تعاون کریگا، کرکٹر فیصل اقبال نے اپیل کی متاثرین کی مدد کیلئے کے کے ایف سے عوام تعاون کریں۔ ٹیبل ٹینس کے چمپئن عارف خان اور عارف ناخدا نے کہا کہ یہاں آکر ہمیں بڑی خوشی ہوئی جس زندہ جذبے کی ضرورت ہے وہ یہاں کے کے ایف میں موجود ہے، کراچی خدمت خلق کے کاموں میں پہلے بھی آگے تھا اور اب بھی آگے ہے۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کی فوجی طیارے C-130 کے ذریعے پانچ ٹرکوں پر مشتمل امدادی کھیپ اسلام آباد میں حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے وصول کر کے نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے نمائندے میجر عادل اور اسکوارڈرن لیڈر آصف کے حوالے کر دی

کراچی ۔۔۔20 مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے گزشتہ روز فوجی طیارے C-130 کے ذریعے بھیجی گئی پانچ ٹرکوں پر مشتمل پہلی امدادی کھیپ اسلام آباد چکلالہ ایئربیس پر حق پرست ارکان قومی اسمبلی سفیان یوسف اور ندیم احسان نے وصول کی اور کروڑوں روپے مالیت کی یہ کھیپ نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ کے سربراہ جنرل فاروق کے نمائندے میجر عادل اور اوسکواڈرن لیڈر آصف کے حوالے کی جو آج شام ہی صوبہ سرحد کے مختلف علاقوں سے نقل مکانی کرنے والے خاندانوں تک پہنچادی جائے گی۔ایم کیو ایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی کھیپ کی متاثرہ خاندانوں کیلئے وصولی کے موقع پر نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے سربراہ جنرل فاروق کے نمائندے میجر عادل اور اسکوارڈرن لیڈر آصف نے امدادی کھیپ شکریہ کے ساتھ وصول کی اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کی متاثرہ خاندانوں کیلئے امدادی سرگرمیوں کو کھلے دل سے سراہا۔

## صوبہ سرحد کے مختلف علاقہ جات سے نقل مکانی کر کے سندھ اور کراچی آنے والے متاثرہ خاندانوں کی رجسٹریشن کا عمل یقینی بنایا جائے تاکہ امدادی اشیاء اور طبی سہولیات کی فراہم میں انہیں مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے، رابطہ کمیٹی

کراچی ۔۔۔20 مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کہا ہے کہ سوات، دیر، بونیر، شانگلہ اور صوبہ سرحد کے دیگر علاقہ جات سے نقل مکانی کرنے والے متاثرہ خاندانوں کی رجسٹریشن کا عمل یقینی بنایا جائے تاکہ متاثرہ خاندانوں کو امدادی اشیاء کی فراہمی میں کوئی دقت نہ اٹھانی پڑے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ صوبہ سرحد کے مختلف علاقہ میں طالبان دہشت گردوں کے خلاف آپریشن کے باعث لاکھوں افراد نقل مکانی کر کے سندھ اور کراچی کے مختلف علاقوں میں آرہے ہیں، یہاں ان کی مناسب دیکھ بھال کا انتظام بہتر ہے اور نہ ہی ان کی رجسٹریشن کی جارہی ہے جس سے خود متاثرہ خاندانوں میں بھی گہری تشویش پائی جارہی ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ متاثرہ خاندانوں کی رجسٹریشن کے عمل سے نہ صرف انہیں امدادی اشیاء کی فراہمی یقینی بنائی جاسکتی ہے بلکہ انہیں طبی اور دیگر سہولیات کی فراہمی میں بھی سماجی اور فلاحی اداروں کو مدد و تعاون مل سکے گا۔رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ صوبہ سرحد کے مختلف علاقہ جات سے نقل مکانی کرنے والے متاثرہ خاندانوں کی مناسب دیکھ بھال اور امدادی اشیاء کی بروقت اور سہل فراہمی کیلئے ان کی رجسٹریشن کے عمل کو یقینی بنایا جائے، اس سلسلے میں جگہ جگہ کیمپ قائم کئے گئے اور لاکھوں افراد کی نقل مکانی کے کرنے والے افراد کو مزید مسائل سے بچانے کیلئے حکومتی سطح پر مزید عملی اور مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## طالبان کراچی کو دوسرا سوات بنانے کی تیاری کی جارہی ہے، شعبہ خواتین

کراچی ۔۔۔20 مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین نے کہا ہے کہ کراچی میں القاعدہ کے چار خطرناک دہشت گردوں کی اسلحہ وگولا بارود سمیت گرفتاری سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ کراچی کو دوسرا سوات بنانے کی تیاری کی جارہی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ایک جانب متحدہ قومی موومنٹ سوات، دیر اور بونیر میں طالبان دہشتگردوں کیخلاف ہونیوالے آپریشن سے متاثرہ خاندانوں کی بھرپور امداد کیلئے شہر میں امدادی سرگرمیاں جاری رکھے ہوئے ہیں دوسری جانب القاعدہ کے گرفتار خطرناک چار دہشت گرد شہر کو اپنے ناپاک عزائم کیلئے استعمال کرنا چاہتے تھے جنہیں سی آئی ڈی پولیس نے بروقت کارروائی کر کے گرفتار کرلیا اور ان کے عزائم کو خاک میں ملا دیا۔انہوں نے کہا کہ شہر کے مختلف علاقوں سے اس سے قبل بھی نامی گرامی القاعدہ اور طالبان کے دہشت گرد پکڑے گئے ہیں اور اس حوالے سے قائد تحریک جناب الطاف حسین بھی گزشتہ کئی برسوں سے اپنے خدشات کا اظہار کررہے تھے لیکن ان کے خدشات آج درست ثابت ہورہے ہیں جس پر ان سیاسی و مذہبی جماعتوں کو شرم محسوس کرنی چاہئے جنہوں نے جناب الطاف حسین کے طالبانائزیشن کے حوالے سے خدشات کو واویلا قرار دیا تھا اور آج بھی طالبانائزیشن کی حمایت کر کے ملک دشمنی کا ثبوت دے رہے ہیں۔شعبہ خواتین نے مطالبہ کیا کہ کراچی میں القاعدہ کے 4 خطرناک دہشت گردوں کی گرفتاری کے بعد اس کے نیٹ ورک کے خاتمہ کیلئے مثبت اور عملی کارروائی کر کے عوام کی جان و مال کو تحفظ فراہم کیا جائے۔

## ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر کے سینئر کارکن غلام الحسنین کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔20مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر کے سینئر کارکن غلام الحسنین کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ غلام الحسنین مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل دے۔(آمین)

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔20مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ A-11 کے کارکن ضیاء الحسنین کے بھائی وسینئر کارکن غلام حسنین،ایم کیوایم رنچھوڑ لائن سیکٹر یونٹ 34 کے کارکن محمد اسمٰعیل کی اہلیہ محترمہ فہمیدہ،ایم کیوایم ڈیفنس کلفٹن سیکٹر یونٹ6 کے کارکن اسماعیل راجہ کی اہلیہ محترمہ رخسانہ اسماعیل،ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر یونٹ 51 کے کارکن شفیق کے والد محمد رمضان اور ایم کیوایم یونٹ بھٹورو کے جوائنٹ انچارج فیصل کی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن کی پرائیوٹائزیشن یا فروخت کی کوشش قابل مذمت ہے،اراکین قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔20مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن پاکستان کو پرائیوٹائز اور فروخت کرنے کی کوشش کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس ادارے کی فروخت کو غریب افراد کو قرض کا حصول لیکر گھر بنانے کی سہولت سے بھی محروم کردینا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن پاکستان کو پرائیوٹائز اور فروخت کرنے کے پہلے مرحلے میں غریب وکم آمدنی رکھنے والے افراد کو قرضوں کا اجراء روک دیا گیا ہے اس عمل سے غریب وکم آمدنی رکھنے والے افراد کو گھروں کا حصول بذریعہ قرضہ رک گیا ہے جو کہ ایک غریب طبقہ کے خلاف گھناؤنی سازش ہے۔انہوں نے کہا کہ کم آمدنی رکھنے والے افراد ادارے سے آسان قرضہ جات حاصل کرکے اپنے گھر بنالیا کرتے تھے اور مہنگائی کے اس دور میں غریب عوام کو اس حق سے بھی محروم کردیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن 1952ء کے ایکٹ کے تحت معرضِ وجود میں لائی گئی تھی بغیر قومی اسمبلی اور سینٹ کی منظوری سے ادارے کو پرائیوٹائز یا فروخت نہیں کیا جاسکتا۔اراکین قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن کی پرائیوٹائز یا فروخت کے عمل کو رکوانے میں اپنا عملی کردار ادا کریں تاکہ غریب ومتوسط طبقے کے افراد اور کم آمدنی رکھنے والے افراد حکومت پاکستان کی فراہم کردہ قرضہ جات کی سہولیات سے فوائد حاصل کرتے رہیں۔

## سٹی کالج حیدرآباد کے سابق پرنسپل پروفیسر قوی احمد خان کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔20مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سٹی کالج حیدرآباد کے سابق پرنسپل پروفیسر قوی احمد خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆